رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید**

تاریخ: **01-02-2025** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکزامتحان: ____________ دستخط نگران مرکزامتحان: ____________ دستخط مفتشہ: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=25x1)**

سوال نمبر1: حروف تہجی کی تعداد ہے۔

(الف)29 (ب)30 (ج)32 (د)33

سوال نمبر2: عربی لب ولہجہ سے مراد ہے۔

(الف) مجہول پڑھنا (ب) نرمی سے پڑھنا (ج) معروف پڑھنا (د) کھینچ کر پڑھنا

سوال نمبر3: علم تجوید کا حاصل کرنا۔۔۔ہے۔

(الف)فرض کفایہ (ب)واجب (ج) مستحب (د)فرض عین

سوال نمبر4: نماز میں ایک حرف دوسرے حرف سے ممتاز نہ ہونے کی صورت میں نماز۔۔۔ہے۔

(الف) جائز (ب) باطل (ج) مکروہ (د) مکروہ تنزیہی

سوال نمبر5: حروف کو عمدگی سے ادا کرنے اور۔۔۔کی جگہوں کو پہچاننے کا نام ترتیل ہے۔

(الف) سکتہ (ب) ترقیق (ج) وقف (د) تسہیل

سوال نمبر6: قرآن کریم کو مہارت سے پڑھنے والا بہت معزز اور مقرب۔۔۔کے ساتھ ہوگا۔

(الف) انبیا (ب) رُسل (ج) علماء (د) فرشتوں

سوال نمبر7: لحن سب کے نزدیک۔۔۔ہے۔

(الف) مکروہ (ب) حرام (ج) بدعت (د) مباح

سوال نمبر8: علم تجوید حق، واجب اور شریعت مطہرہ کا۔۔۔ہے۔

(الف) فضل (ب) رحمت (ج) علم (د) کمال

سوال نمبر9: "تجوید" قرآن کریم کی نص قطعی، احادیث متواترہ، صحابہ وتابعین اور ائمہ کرام علیہم الرضوان کے۔۔۔سے ثابت ہے۔

(الف) اجماع (ب) قیاس (ج) فیصلے (د) احاد

سوال نمبر10: قرآن مجید کو خوش آوازی سے پڑھنا امر۔۔۔مستحسن ہے۔

(الف) مطلق (ب) مفید (ج) زائد (د) تمام

سوال نمبر11: قرآن خوش آوازی سے پڑھنے میں لحن خفی لازم آئے تو۔۔۔ہے۔

(الف) حرام (ب) مکروہ (ج) ناجائز (د) مباح

سوال نمبر12: تلاوت کے آغاز میں۔۔۔پڑھنا مستحب ہے۔

(الف) تعوذ (ب) بسم اللہ (ج) ثناء (د) درود پاک

سوال نمبر13:قرآن پاک کو جزدان وغلاف میں رکھنا---ہے۔

(الف)ضروری (ب)ادب (ج)مستحب (د)مباح

سوال نمبر14:اگر فرض نماز میں قرآن پاک ختم کرے تو سورہ اخلاص---بار سے زیادہ نہ پڑھے۔

(الف)01 (ب)02 (ج)03 (د)04

سوال نمبر15:قرآن پاک بلند آواز سے پڑھنا---ہے جبکہ کسی نمازی، مریض یا سوتے کو ایذا نہ پہنچے۔

(الف)افضل (ب)سنت (ج)مستحب (د)مباح

سوال نمبر16:ہر چیز کے لیے زیور ہے اور قرآن کریم کا زیور---ہے۔

(الف)بلند آواز (ب)آہستہ آواز (ج)خوبصورت آواز (د)ان میں سے کوئی بھی نہیں

سوال نمبر17:جس شخص نے قرآن پاک کا ایک حرف پڑھا اس کے لیے---نیکیاں ہیں۔

(الف)10 (ب)01 (ج)70 (د)100

سوال نمبر18:---مسجد میں قرآن پاک پڑھایا کرتے تھے۔

(الف)حضرت ابو عبدالرحمٰن (ب)حضرت عبدالرحمٰن بن عوف (ج)حضرت عبداللہ بن مسعود (د)حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر19:قرآن پاک کو دیکھنا، چھونا، پڑھنا---ہے۔

(الف)علم (ب)عبادت (ج)ادب (د)تقوی

سوال نمبر20:فیضان تجوید کتاب میں علم تجوید کے بارے میں---کے اشعار ہیں۔

(الف)اعلیٰ حضرت (ب)امام جزری (ج)امام جزولی (د)امام شافعی رحمۃ اللہ علیہم

سوال نمبر21:جس حرف پر حرکت ہو اسے---کہتے ہیں۔

(الف)مفتوح (ب)مکسور (ج)متحرک (د)مضموم

سوال نمبر22:نرمی سے ادا ہونے والے حروف---ہیں۔

(الف)02 (ب)03 (ج)07 (د)05

سوال نمبر23:لثّہ---کو کہتے ہیں۔

(الف)کنارے (ب)مسوڑھے (ج)جبڑے (د)کوّے

سوال نمبر24:ادغام اور اظہار کی درمیانی حالت---ہے۔

(الف)اخفاء (ب)تسهيل (ج)اقلاب (د)ترقیق

سوال نمبر25:حرف سے پہلے والے حرف کو---کہتے ہیں۔

(الف)اعادہ (ب)مابعد (ج)ماقبل (د)ابتداء

| رول نمبر: ____________ | سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل | KANZUL MADARIS BOARD |
| --- | --- | --- |
| جوابی کاپی نمبر: ____________ | درجہ: متوسطہ سال دوم — پرچہ: پہلا — مضمون: التجوید<br>تاریخ: 01-02-2025 — دن: ہفتہ — کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ — کل نمبر: 75 | |

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم تجوید کی غرض و غایت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: قرآن پاک کو خلاف تجوید پڑھنے کی وعید بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: خوش آوازی کے ساتھ قرآن پڑھنے کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: مخرج کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: صفات لازمہ کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: حروف قلقلہ کی ادائیگی کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: لین کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: ترقیق اور تفخیم کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: لحن کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 10: تسمیہ کا محل اور حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: حروف لثویہ کا مخرج بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: امالہ کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: میم ساکن کے قواعد کے صرف نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: متقاربین کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: سکون کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: اسبابِ مد کتنے اور کونسے ہیں؟

سوال نمبر 17: سکتہ کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: ط، ج، کس کی علامت ہے اور یہاں کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 19: ہائے ضمیر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: نون قطنی کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: لحن کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے نیز لحن جلی کن کن صورتوں میں واقع ہوتی ہے؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 2: دانتوں کے نام اور اقسام وضاحت کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات ضروریہ کی تعریفات، امثلہ کے ساتھ بیان کیجئے۔

- حروف متشابہ
- فتحہ اشباع
- ضمّہ
- حروف حلقی
- حروف شفویہ
- صفات عارضہ

سوال نمبر 4: صفات عارضہ کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 5: محل وقف کے اعتبار سے وقف کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟ دو قسموں کی وضاحت مع امثلہ بیان کیجئے۔

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

درجہ: متوسطہ سال دوم | پرچہ: دوسرا | مضمون: دراسۃ القرآن

تاریخ: 03-02-2025 | دن: پیر | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالبہ: ____________

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: ۔۔۔ ہمیشہ باقی رہنے والی ہے۔

(الف) دنیا (ب) آخرت (ج) زمین (د) چاند

سوال نمبر 2: آسمان کے دروازے کھولے جائیں گے۔

(الف) دنیا میں (ب) عرفات میں (ج) قیامت کے دن (د) کبھی نہیں

سوال نمبر 3: نینوی شہر کے لوگ ۔۔۔ کی عبادت کرتے تھے۔

(الف) آگ (ب) سورج (ج) بتوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: کدو کی بیل کو ۔۔۔ کی صورت میں پیدا کیا گیا۔

(الف) درخت (ب) پودے (ج) شاخ (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 5: دوسری بار صور پھونکے جانے سے کیا ہوگا؟

(الف) پہاڑ ختم ہو جائیں گے (ب) قیامت قائم ہو جائے گی (ج) زندہ مردہ ہو جائے گا (د) مردے زندہ ہو جائیں گے

سوال نمبر 6: فرشتے سختی سے ۔۔۔ کی روح قبض کریں گے۔

(الف) مسلمانوں (ب) کافروں (ج) بچوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: روشن ہاتھ اور عصا کا معجزہ ۔۔۔ کا ہے۔

(الف) حضرت عیسیٰ (ب) حضرت نوح (ج) حضرت آدم (د) حضرت موسیٰ علیہم السلام

سوال نمبر 8: مسلمان بھائی کی پیٹھ پیچھے اس کی برائی کرنا ۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) غیبت (ب) چغلی (ج) حسد (د) تکبر

سوال نمبر 9: توریت ۔۔۔ پر نازل ہوئی۔

(الف) حضرت عیسیٰ (ب) حضرت نوح (ج) حضرت موسیٰ (د) حضرت داؤد علیہم السلام

سوال نمبر 10: ۔۔۔ حضرت یعقوب کے بیٹے تھے۔

(الف) حضرت یوسف (ب) حضرت یونس (ج) حضرت ادریس (د) حضرت اسحاق علیہم السلام

سوال نمبر 11: نظر کا لگنا ۔۔۔ ہے۔

(الف) ممکن (ب) ممکن نہیں (ج) برحق (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: جس کتاب میں کافروں کے اعمال لکھے ہیں وہ ۔۔۔ زمین میں ہے۔

(الف) ساتویں (ب) دسویں (ج) دوسری (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر13: من و سلویٰ۔۔۔پر اتارا گیا۔

(الف) قوم عاد (ب) بنی اسرائیل (ج) قوم ثمود (د) قوم لوط

سوال نمبر14۔۔۔نے بنی اسرائیل پر سایہ کیا۔

(الف) پہاڑ (ب) پھول (ج) درخت (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر15: مومنوں کا حساب۔۔۔سے ہوگا۔

(الف) سختی (ب) نرمی (ج) نہیں ہوگا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر16: انشقاق کے معنی ہیں۔

(الف) پھٹنا (ب) سونا (ج) پکڑنا (د) پھسلنا

سوال نمبر17: نعمتیں۔۔۔کرنے کی وجہ سے چھن جاتی ہیں۔

(الف) ناقدری (ب) اللہ کی نافرمانی (ج) استعمال (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: مومنوں کو نامہ اعمال دیا جائے گا۔

(الف) الٹے ہاتھ میں (ب) سیدھے ہاتھ میں (ج) دونوں ہاتھوں میں (د) کسی میں نہیں

سوال نمبر19: اولیاء اللہ کی کرامات۔۔۔ہیں۔

(الف) ممکن (ب) ممکن نہیں (ج) برحق (د) جائز نہیں

سوال نمبر20: آسمانی کتابوں میں سب سے بلند درجہ۔۔۔کا ہے۔

(الف) انجیل (ب) زبور (ج) قرآن (د) توریت

سوال نمبر21۔۔۔کا دن مقرر ہے۔

(الف) جمعہ (ب) قیامت (ج) کل (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر22: سب سے برکت والا دن۔۔۔کا ہے۔

(الف) ہفتے (ب) عید (ج) جمعہ و عرفہ (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر23: بارہ برج موجود۔۔۔میں ہیں۔

(الف) آسمان (ب) زمین (ج) پہاڑ (د) سمندر

سوال نمبر24: خاتم کے اصطلاحی معنی ہیں۔

(الف) نکلنا (ب) بھاگنا (ج) کھولنا (د) ختم کرنا

سوال نمبر25: حضرت محمد ﷺ کو آخری نبی نہ ماننے والا۔۔۔ہے۔

(الف) مرتد (ب) کافر (ج) منافق (د) عیسائی

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ | **سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **دراسۃ القرآن**<br>تاریخ: **03-02-2025** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: ____________ | | |

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔(15x3=45)**

سوال نمبر 1: گناہوں کا دل پر کیا اثر ہوتا ہے؟

سوال نمبر 2: مومنوں کا حساب کس طرح ہوگا؟

سوال نمبر 3: بنی اسرائیل سے من و سلوی کی نعمت کیوں چھینی گئی؟

سوال نمبر 4: سورہ بروج کا مرکزی مضمون تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: سورہ یوسف کا شان نزول تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: بیماریوں سے شفا یابی کا کیا ذریعہ ہے؟

سوال نمبر 7: قرآن پاک میں حضرت یوسف علیہ السلام کا کیا خواب بیان ہوا؟

سوال نمبر 8: جن کو جن کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: قوم سبا پر سیلاب کس طرح آیا؟

سوال نمبر 10: قوم عاد کی تعداد مع نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: اللہ تعالیٰ نے سورۃ بلد میں کس شہر کی قسم ذکر فرمائی؟

سوال نمبر 12: قوم عاد پر آندھی کتنے دن اور رات تک چلتی رہی؟

سوال نمبر 13: سورۃ شمس کی وجہ تسمیہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: غیبت کرنے کو کس کام سے تشبیہ دی گئی؟

سوال نمبر 15: کیا تمام انسان اور ان کے اعمال برابر ہیں؟

سوال نمبر 16: مقام ابراہیم کیا ہے؟

سوال نمبر 17: اللہ پاک کن لوگوں کو پسند فرماتا ہے؟

سوال نمبر 18: روزہ رکھنے سے ہمیں کیا فائدہ ہوتا ہے؟

سوال نمبر 19: سورۃ علق کو علق کہنے کی وجہ تحریر کیجئے؟

سوال نمبر 20: وہ کونسے نمازی ہیں جن کے لیے خرابی ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر 1: یتیم کسے کہتے ہیں؟ نیز یتیم سے اچھا سلوک کرنے کے دو فضائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: صبر کرنے والوں کو کیا انعامات ملتے ہیں؟

سوال نمبر 3: قدر کے معنی تحریر کیجئے نیز اس سورت کو قدر کہنے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: قیامت کے دن ہونے والے چند عذابات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: عقیدہ ختم نبوت کیا ہے نیز عقیدہ ختم نبوت کا انکار کرنے والا مسلمان کہلائے گا؟

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: __________

درجہ: **متوسطہ سال دوم** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **السیرۃ النبویۃ**

تاریخ: **04-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: __________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتشہ: _____

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حضور پاک ﷺ واقعہ اصحاب فیل کے ۔۔۔ دن بعد پیدا ہوئے۔

(الف) 54 (ب) 55 (ج) 56 (د) 57

سوال نمبر 2: حضور پاک ﷺ قریش کی شاخ ۔۔۔ سے تعلق رکھتے تھے۔

(الف) بنو قریظہ (ب) بنو امیہ (ج) بنو ہاشم (د) بنو اسد

سوال نمبر 3: آپ ﷺ ۔۔۔ سن عیسوی میں پیدا ہوئے۔

(الف) 570 (ب) 571 (ج) 572 (د) 590

سوال نمبر 4: حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا تعلق ۔۔۔ قبیلہ سے تھا۔

(الف) بنو اسد (ب) بنو سعد (ج) بنو تمیم (د) بنو عبد مناف

سوال نمبر 5: آپ ﷺ کی مدت رضاعت ۔۔۔ سال تھی۔

(الف) ایک (ب) دو (ج) ڈیڑھ (د) اڑھائی

سوال نمبر 6: بی بی حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ آپ ﷺ کو ۔۔۔ عورتوں نے دودھ پلایا۔

(الف) 3 (ب) 4 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 7: ۔۔۔ حضور پاک ﷺ کے رضاعی بھائی تھے۔

(الف) زید بن حارث (ب) سعد بن ابی وقاص (ج) عمر بن خطاب (د) عبداللہ بن حارث رضوان اللہ علیہم اجمعین

سوال نمبر 8: آپ ﷺ نے ۔۔۔ ماہ کی عمر میں فصیح کلام کرنا شروع کر دیا۔

(الف) 4 (ب) 8 (ج) 6 (د) 9

سوال نمبر 9: حضور پاک ﷺ کا پہلا شق صدر ۔۔۔ میں ہوا۔

(الف) بنو قینقاع (ب) بنو سعد (ج) بنو اسد (د) بنو تمیم

سوال نمبر 10: والدین کے وصال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش آپ کے ۔۔۔ نے کی۔

(الف) چچا (ب) دادا (ج) ماموں (د) خالو

سوال نمبر 11: ۔۔۔ برس کی عمر میں آپ ﷺ نے یمن کا تجارتی سفر کیا۔

(الف) 9 (ب) 10 (ج) 13 (د) 15

سوال نمبر 12: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا سلسلہ نسب ۔۔۔ واسطوں سے حضور ﷺ سے جاملتا ہے۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 10 (د) 15

سوال نمبر13: زید بن حارث رضی اللہ عنہ کا حضور پاک ﷺ سے رشتہ ---کا ہے۔

(الف) چچازاد بھائی (ب)آزاد کردہ غلام (ج)منہ بولے بیٹے (د)رضاعی بھائی

سوال نمبر14: ---کے گلے میں رسی باندھ کر بازاروں میں گھسیٹا جاتا تھا۔

(الف) حضرت خباب رضی اللہ عنہ (ب) حضرت عمر رضی اللہ عنہ (ج) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ (د) حضرت بلال رضی اللہ عنہ

سوال نمبر15: حبشہ کی طرف ہجرتِ اولیٰ میں --- مرد شامل تھے۔

(الف)4 (ب)10 (ج)11 (د)82

سوال نمبر16: بنو ہاشم شعب ابی طالب میں --- محصور رہے۔

(الف)6ماہ (ب)2سال (ج)3سال (د)5سال

سوال نمبر17: بیعت عقبہ اولیٰ نبوت کے --- سال ہوئی۔

(الف) گیارہویں (ب) بارہویں (ج) چودہویں (د)انیسویں

سوال نمبر18: غار ثور میں حضور پاک ﷺ کے ساتھ --- تھے۔

(الف) حضرت ابو بکر (ب)حضرت عمر (ج)حضرت عثمان (د)حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر19: حبشہ کے بادشاہ کو --- کہا جاتا ہے۔

(الف) قیصر (ب) کسریٰ (ج) نجاشی (د)فرعون

سوال نمبر20: اسلام کی سب سے پہلی شہید خاتون --- ہیں۔

(الف) حضرت خدیجہ (ب)حضرت ام سلمہ (ج)حضرت آسیہ (د)حضرت سمیہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر21: خفیہ تبلیغ دین کا سلسلہ --- سال تک رہا۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر22: زمانہ جاہلیت میں کعبہ میں --- بت تھے۔

(الف)300 (ب)350 (ج)360 (د)310

سوال نمبر23: طاہرہ --- کا لقب ہے۔

(الف) حضرت عائشہ (ب)حضرت خدیجہ (ج)حضرت حفصہ (د)بی بی حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر24: غارِ حرا --- میں واقع ہے۔

(الف) جبل احد (ب) جبل نور (ج) جبل ثور (د) جبل ابی قیس

سوال نمبر25: طائف کے سفر پر آپ ﷺ کے ساتھ --- صحابی تھے۔

(الف) حضرت بلال (ب) حضرت زید بن ثابت (ج) حضرت ابو بکر (د) حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **السیرۃ النبویۃ**<br>تاریخ: **04-02-2025** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حضور پاک ﷺ کا یوم ولادت، تاریخ اور سنِ پیدائش تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: حضور پاک ﷺ کا والدہ کی طرف سے نسب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حضور پاک ﷺ نے پہلا تجارتی سفر کس عمر میں، کس کے ساتھ اور کہاں کا کیا؟

سوال نمبر 4: مکہ کے معزز لوگ اپنے بچوں کو دیہات میں کیوں بھیجتے تھے؟

سوال نمبر 5: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا تعلق کس قبیلے سے تھا؟

سوال نمبر 6: اعلانیہ تبلیغ دین کا آغاز کب ہوا؟

سوال نمبر 7: عام الحزن کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: حضور پاک ﷺ کی آمد سے پہلے مدینہ شریف میں کتنے اور کون کون سے قبائل آباد تھے؟

سوال نمبر 9: بیعت عقبہ اولیٰ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 10: غزوۂ بدر کا واقعہ کب پیش آیا؟

سوال نمبر 11: غزوۂ خندق کو غزوۂ احزاب کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: صلح حدیبیہ کے معاہدے کی کوئی سی تین شرائط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: مسجد قباء میں نماز پڑھنے کی فضیلت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: الوداعی خطبے کے تین ارشادات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: حضور پاک ﷺ کی آنکھوں کا معجزہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: نبی ﷺ کے کوئی سے تین خصائص تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: حیس کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: رسول ﷺ کے رضاعی والد کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: نبی ﷺ کی شان میں کوئی ایک آیت مبارکہ کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: حبشہ کی طرف ہجرت کیوں کی گئی؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: صحابہ کرام علیہم الرضوان پر کافروں کے ظلم و ستم کے واقعات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: شعب ابی طالب کے محاصرے کا واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: غزوہ اور سریہ میں فرق بیان کرتے ہوئے ہجرت مصطفیٰ ﷺ پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: مسجد نبوی کی تعمیر کس طرح ہوئی؟ مفصل بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ تحریر کیجئے۔

- غزوہ حنین
- غزوہ تبوک
- غزوہ موتہ

رول نمبر: ____________

درجہ: متوسطہ سال دوم | پرچہ: چوتھا | مضمون: التربیۃ الإسلامیۃ

تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالبہ: ____________

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: ایمان کے لغوی معنی۔۔۔ ہیں۔

(الف) امن دینا (ب) تصدیق کرنا (ج) سچا ماننا (د) تینوں آپشن

سوال نمبر 2: ضروریاتِ دین کا منکر۔۔۔ ہے۔

(الف) کافر (ب) مشرک (ج) گمراہ (د) بدمذہب

سوال نمبر 3: اللہ کے سوا کسی کو واجب الوجود ماننا۔۔۔ ہے۔

(الف) کفر (ب) شرک (ج) نفاق (د) گناہ

سوال نمبر 4: زبان سے اسلام کا دعویٰ کرنا اور دل میں اسلام سے انکار کرنا۔۔۔ ہے۔

(الف) کفر (ب) شرک (ج) نفاق (د) گناہ

سوال نمبر 5: آقا ﷺ کی صفات۔۔۔ ہیں۔

(الف) محدود (ب) عطائی (ج) حادث (د) تینوں آپشن

سوال نمبر 6: جو اللہ کی طرف سے نئی آسمانی کتاب اور نئی شریعت لے کر آئے وہ۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف) نبی (ب) رسول (ج) پیغمبر (د) فرشتہ

سوال نمبر 7: سب سے آخری پیغمبر کون ہیں؟

(الف) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام (د) حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر 8: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا نام قرآن میں کتنی بار آیا؟

(الف) 60 (ب) 69 (ج) 96 (د) 90

سوال نمبر 9: کونسے نبی علیہ السلام آسمان پر حیات ظاہری کے ساتھ زندہ ہیں؟

(الف) حضرت عیسیٰ (ب) حضرت خضر (ج) حضرت الیاس علیہم السلام (د) حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر 10: اللہ عزوجل نے کتنے صحیفے اور آسمانی کتابیں اتاریں؟

(الف) 90 (ب) 110 (ج) 120 (د) 100

سوال نمبر 11: سب سے پہلے کون سی آیت نازل ہوئی؟

(الف) سورۃ فاتحہ کی پہلی آیت (ب) سورۃ بقرہ کی پہلی آیت (ج) سورۃ علق کی پہلی آیت (د) سورۃ ناس کی پہلی آیت

سوال نمبر 12: شب معراج پیارے آقا ﷺ نے تیسرے آسمان پر کس نبی سے ملاقات کی؟

(الف) حضرت یوسف (ب) حضرت ادریس (ج) حضرت ہارون (د) حضرت عیسیٰ علیہم السلام

سوال نمبر13: شب معراج رسول اکرم ﷺ کا سر کی آنکھوں سے اللہ عزوجل کا دیدار کرنے کا منکر۔۔۔ کہلاتا ہے۔

(الف)کافر (ب)مشرک (ج) گمراہ (د)خطاکار

سوال نمبر14: شب معراج پیارے آقا ﷺ نے کس نماز کی امامت فرمائی؟

(الف) تہجد (ب)تحیۃالمسجد (ج)تحیۃالوضوء (د) فجر

سوال نمبر15: شفاعت سے کیا مراد ہے؟

(الف) خاص مقام (ب) سفارش (ج) جھنڈا (د) بخشش

سوال نمبر16: لواءُالحمد بروز قیامت کس کے پاس ہوگا؟

(الف) حضرت ابراہیم (ب)حضرت ابو بکر (ج) حضرت عیسیٰ علیہم السلام (د) حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر17: تاجدارِ مدینہ ﷺ کی تعظیم و توقیر کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(الف) واجب (ب)لازم (ج)فرض کفایہ (د)فرض اعظم

سوال نمبر18: رسول اکرم ﷺ کی شہزادیوں کی تعداد کیا ہے؟

(الف)3 (ب)4 (ج)11 (د)5

سوال نمبر19: سرکار ﷺ کے گوش مبارک سے کیا مراد ہے؟

(الف) کان (ب) ناک (ج)آنکھ (د) بھوئیں

سوال نمبر20: بچوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت علی (د) حضرت عثمان رضی اللہ عنہم

سوال نمبر21: شیخین سے مراد کونسے صحابہ کرام ہیں؟

(الف) علی و عثمان (ب)ابو بکر و علی (ج)ابو بکر و عمر (د) عمر و عثمان رضی اللہ عنہم

سوال نمبر22: حضرت ابو عبیدہ بن جراح کا لقب۔۔۔ ہے۔

(الف) امین الامۃ (ب) معلم الامۃ (ج) محدث (د) میزبان رسول

سوال نمبر23: آقا ﷺ کی قبر مبارک کس صحابی نے تیار کی؟

(الف) حضرت عباس (ب) حضرت ابو بکر (ج) حضرت ابو طلحہ (د) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم

سوال نمبر24: آقا ﷺ کو قبر انور میں کتنے صحابہ کرام نے اُتارا؟

(الف)2 (ب)4 (ج)6 (د)8

سوال نمبر25: زیارت قبور کے لئے سب افضل دن۔۔۔ ہے۔

(الف) جمعہ (ب) عید (ج) جمعرات (د)10 محرم الحرام

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **التربیۃ الإسلامیة**

تاریخ: **06-02-2025** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: مصیبت زدہ کو دیکھ کر کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟ عربی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: اسمائے حسنیٰ سے کیا مراد ہے؟ کوئی ایک فضیلت بتائیے۔

سوال نمبر 3: کفر کے لغوی و اصطلاحی معنی بتائیے۔

سوال نمبر 4: ضروریاتِ دین و ضروریاتِ مذہب اہلسنت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 5: مرتد کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: مقصدِ رسالت بیان کیجئے اور رسولوں کے پاس رسالت کی کیا دلیل ہے؟

سوال نمبر 7: نبیوں اور رسولوں کی تعداد کے بارے میں ہمارا کیا عقیدہ ہے؟

سوال نمبر 8: قرآن دیکھ کر پڑھنے اور زبانی پڑھنے میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 9: کم عرصہ میں حفظ کرنے والے تین بزرگانِ دین کا نام مع عرصہ حفظ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بشریت کا انکار والے کا حکم مع وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: ولایت کسے کہتے ہیں اور غیر اللہ سے مدد مانگنے کا حکم بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: نجاست حقیقیہ کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں نام بتائیے۔

سوال نمبر 13: واجب روزے سے کیا مراد ہے اور کس دن کا روزہ رکھنا منع ہے؟

سوال نمبر 14: کس عمر میں روزہ رکھنا شروع کر دینا چاہیے؟

سوال نمبر 15: روزہ داروں کے اعتبار سے روزے کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟ نام بتائیے۔

سوال نمبر 16: ہاشمی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: مالک نصاب ہونے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: صدقہ فطر کا حکم کیا ہے اور یہ کب واجب ہوا؟

سوال نمبر 19: فرض کفایہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: کرامت کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: اللہ عزوجل کی صفات، ذات، اسماء، افعال اور احکام میں شرک سے کیا مراد ہے؟ فقط تعریفات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: (الف) مرتبہ کے لحاظ سے سب سے افضل 5 انبیاء کے نام بتائیے۔

(ب) انبیاء کرام اور شہداءِ عظام کی حیات میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 3: (الف) حاضر و ناظر کا مطلب تفصیل سے بیان کیجئے۔

(ب) اللہ عزوجل کو حاضر و ناظر جاننا/کہنا کیسا؟ اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کیا حاضر و ناظر ہیں؟

سوال نمبر 4: (الف) طہارت کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

(ب) غسل کے کتنے اور کونسے فرائض ہیں؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: (الف) غیبت کی تعریف اور اس کا شرعی حکم بیان کیجئے۔

(ب) جھوٹ بولنے کے 5 نقصانات بیان کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ____________

## سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: متوسطہ سال دوم    پرچہ: پانچواں    مضمون: الآداب الإسلامية

تاریخ: 08-02-2025    دن: ہفتہ    کل وقت: 30 منٹ    کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحنہ: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: کوئی بھی دولت ۔۔۔ کے برابر نہیں ہے۔

(الف) سونا (ب) چاندی (ج) وقت (د) عبادت

سوال نمبر 2: اگر آپ دنیا کے کامیاب لوگوں کی لسٹ بنائیں تو وہ ۔۔۔ ضرور ہوں گے۔

(الف) وقت کے پابند (ب) ہمدرد (ج) سچے (د) باادب

سوال نمبر 3: شام کرو تو ۔۔۔ کا انتظار مت کرنا۔

(الف) وقت (ب) صبح (ج) فجر (د) رات

سوال نمبر 4: زندگی اور صحت کی طرح اپنے ۔۔۔ کی بھی قدر کرو۔

(الف) مال (ب) والدین (ج) رشتے دار (د) وقت

سوال نمبر 5: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے اوقات کی ۔۔۔ بھی فرمایا کرتے تھے۔

(الف) قدر (ب) تقسیم کاری (ج) پابندی (د) رعایت

سوال نمبر 6: مریض کی عیادت کرنے والے سے آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا: ۔۔۔

(الف) تو بلند ہو جا (ب) تو آباد ہو جا (ج) تو خوش ہو جا (د) تو عظیم ہو جا

سوال نمبر 7: جنت کے جوڑے ۔۔۔ کو عطا کئے جائیں گے۔

(الف) غمخوار (ب) غمزدہ (ج) بیمار (د) مہمان نواز

سوال نمبر 8: ۔۔۔ کی دعا فرشتوں کی طرح ہوتی ہے۔

(الف) مریض (ب) حاجت مند (ج) غمزدہ (د) مہمان

سوال نمبر 9: آقا علیہ الصلاۃ والسلام کو دیکھ کر باغ میں کس جانور کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے؟

(الف) اونٹ (ب) بکری (ج) خرگوش (د) مینڈھا

سوال نمبر 10: آقا علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس جو چادر لائی گئی اسے آپ نے بطور ۔۔۔ استعمال فرمایا۔

(الف) جبہ (ب) عبایا (ج) تہبند (د) قمیص

سوال نمبر 11: خندہ پیشانی سے پیش آنا ۔۔۔ سے نجات کا سبب ہے۔

(الف) پریشانی (ب) بیماری (ج) جہنم کے عذاب (د) آگ

سوال نمبر 12: ایک دفعہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی بارگاہ میں کچھ ۔۔۔ آئیں۔

(الف) چادریں (ب) کھجوریں (ج) باندیاں (د) غلام

سوال نمبر13:۔۔۔ کرنے والے کو آخرت میں جنتی لباس پہنایا جائے گا۔

(الف) ہمدردی (ب) تعزیت (ج) صلہ رحمی (د) ذکر

سوال نمبر14: آقا علیہ الصلاۃ والسلام کام کرنے والوں کی اجرت ۔۔۔کے وقت تقسیم فرماتے تھے۔

(الف) فجر (ب) طلوع آفتاب (ج) عصر (د) عشاء

سوال نمبر15: تمام ۔۔۔آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

(الف) مسلمان (ب) کافر (ج) انسان (د) جن

سوال نمبر16: ایمان والوں کی آپس کی محبت کی مثال ۔۔۔ جیسی ہے۔

(الف) عمارت (ب) انسانی جسم (ج) سمندر (د) نہر

سوال نمبر17: کسی کی مدد کرنے میں ۔۔۔مدد کیجئے۔

(الف) بلا ضرورت (ب) بے وقت (ج) بر وقت (د) تاخیر سے

سوال نمبر18: زندگی کو ۔۔۔ سے پہلے غنیمت جانو۔

(الف) صحت (ب) بیماری (ج) فراغت (د) موت

سوال نمبر19: ہمدردی کے دنیاوی واخروی دونوں طرح کے ۔۔۔ ہیں۔

(الف) فوائد (ب) نقصانات (ج) ثوابات (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم بلا تفریق اپنے ۔۔۔ سے شفقت وعنایت کا معاملہ فرماتے۔

(الف) امتیوں (ب) صحابہ کرام (ج) رشتہ داروں (د) بچوں

سوال نمبر21: مصیبت زدہ سے غمخواری کرنے والے کو کتنے انمول جنتی جوڑے عطا کئے جائیں گے؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

سوال نمبر22:۔۔۔ کو ایمان واسلام کی پہچان قرار دیا گیا۔

(الف) اخوت (ب) ہمدردی (ج) احترام انسانیت (د) سچ

سوال نمبر23: صحت وفراغت کے بارے میں لوگ ۔۔۔ میں ہیں۔

(الف) وہم (ب) دھوکے (ج) گمان (د) شک

سوال نمبر24: عشاء کے بعد آقا علیہ الصلاۃ والسلام ۔۔۔ کو ناپسند فرماتے۔

(الف) بات چیت (ب) دنیاوی کام (ج) آرام (د) طعام

سوال نمبر25: آپس کی ۔۔۔ کو دور کرو۔

(الف) بیزاری (ب) ناراضی (ج) پریشانی (د) محبت

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **الآداب الإسلامیۃ**<br>تاریخ: **08-02-2025** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ______________ |

## حصہ انشائیہ

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: وقت ضائع کرنے والوں کے لئے آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 2: آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے وقت کی نعمت کا احساس کن الفاظ سے دلایا؟

سوال نمبر 3: بھائی چارے کے وقت انصار نے مہاجرین کی کس طرح مدد فرمائی؟

سوال نمبر 4: وقت کی پابندی کی صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: نماز عشاء کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے معمولات کیا تھے؟

سوال نمبر 6: آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اونٹ کے ساتھ کیسی ہمدردی کا مظاہرہ فرمایا؟

سوال نمبر 7: آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے احترام انسانیت کی کیا تعلیم فرمائی؟

سوال نمبر 8: باوجود قدرت معاف کرنا کس کی نشانی ہے؟

سوال نمبر 9: غصہ پر قابو پانے کی کیا فضیلت ہے؟

سوال نمبر 10: حقیقی طاقتور کون ہے؟

سوال نمبر 11: سچ سے متعلق کوئی حدیث مبارکہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آپس میں محبت کا سبب کس چیز کو بیان فرمایا؟

سوال نمبر 13: ہمدردی کی صورتیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 14: آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے انصار و مہاجرین میں اخوت کی بنیاد کیوں رکھی؟

سوال نمبر 15: ایمان کے کامل ہونے کی کیا نشانی ہے؟

سوال نمبر 16: شرم و حیا سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: حدیث مبارکہ میں کس چیز کو ایمان کا حصہ قرار دیا گیا؟

سوال نمبر 18: تمام اخلاقیات کا سرچشمہ کسے قرار دیا گیا؟

سوال نمبر 19: حضرت ام خلاد رضی اللہ عنہا کا بیٹا جب جنگ میں شہید ہوا تو انہوں نے کیا فرمایا؟

سوال نمبر 20: شک میں ڈالنے والی چیز کے متعلق آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا فرمایا؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: سیرت مصطفیٰ سے ہمیں احترام کے متعلق کیا درس ملتا ہے؟

سوال نمبر 2: بدگمانی کی صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: کن لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کا شریعت میں حکم دیا گیا؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: انتقام کے بارے میں آیت مبارکہ لکھتے ہوئے انتقام کی صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اللہ پاک کی بارگاہ میں بے ادبی کی نحوست کیا ہے؟ نیز بے ادبی کی صورتیں تحریر کیجئے۔